# غیر مقامی افراد کے
# انتظام کی منصوبہ بندی



داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (واپڈا)
پاکستان

Scanned by CamScanner

## داسوڈیم ایک تعارف

داسوڈیم اہم اور اپنی نوعیت کا ایک منفرد پراجیکٹ ہے۔ اس کی افادیت موجودہ بجلی کے بحران کی وجہ سے ہے۔ یہ ڈیم دریائے سندھ پر 7 کلومیٹر شمال کی جانب داسو کے مقام پر بنایا جارہا ہے جو کہ ضلع کوہستان میں واقع ہے۔ ضلع کوہستان اپنی مخصوص ثقافت اور جغرافیائی حیثیت کی وجہ سے خیبر پختونخوا میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ اس ڈیم کی حد 74 کلومیٹر شمال کی جانب دیامیر بھاشا سے 5 کلومیٹر پہلے ختم ہوتی ہے۔ داسوڈیم واپڈا، حکومتِ پاکستان اور عالمی بنک کے باہمی تعاون سے تعمیر کیا جارہا ہے جس میں متاثرین کی بحالی کے لئے مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں۔

## داسوڈیم منصوبہ میں غیر مقامی افراد کی آمد

داسوڈیم ملکی سطح کا ایک بہت بڑا منصوبہ ہے جس پر کام کرنے کے لئے ایک بڑی افرادی قوت کی ضرورت ہوگی۔ ایک اندازے کے مطابق تقریباً 10,000 افراد اس ڈیم کے تعمیراتی کام میں حصہ لیں گے۔ اس میں تقریباً 900 افراد ڈیم کی تعمیر سے قبل 7,000 افراد دوران تعمیر اور 3,000 افراد کی تعمیر کے بعد ضرورت ہوگی ۔ ان میں وہ لوگ بھی شامل ہونگے جو ملک کے دیگر علاقوں سے ہجرت کر کے روزگار کی خاطر اس علاقے میں آئیں گے۔ علاوہ ازیں غیر ملکی افراد بھی یہاں کام کریں گے جن میں ماہرین، انجینئرز، ٹھیکیدار، سرمایہ دار، مزدور کار اور دیگر افراد شامل ہوں گے۔ یہ افراد ڈیم کے تعمیراتی کام سے قبل، کام کے دوران اور کام کے بعد اس علاقے میں آئیں گے۔ ان افراد کی آمد سے اس علاقے کے وسائل جس میں جنگلات، پانی وخوراک اور اسی طرح کی بنیادی سہولیات مثلاً رہائش، صحت اور تعلیم وغیرہ پر اثرات پڑیں گے۔ ان کے ساتھ ساتھ مقامی ثقافت وروایات پر بھی اثرات مرتب ہونگے اور امن وامان کے مسائل بھی پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

ان سارے مسائل کو بروقت حل کرنا ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ واپڈا کی بھی ذمہ داری ہے۔ اس سلسلے میں واپڈا نے مندرجہ ذیل اقدامات ترتیب دیئے ہیں۔

## غیر مقامی افراد کیلیئے آگاہی مہم

اس منصوبے پر کام کرنے والوں میں غیر مقامی اور غیر ملکی افراد کی تعداد کافی زیادہ ہوگی۔ جس کی وجہ سے مقامی آبادی پر بڑا اثر پڑے گا۔ ان اثرات کو کم کرنے کے لئے مقامی، غیر مقامی اور غیر ملکی افراد میں ایک آگاہی مہم چلائی جائیگی تا کہ اس منصوبے پر کام کرنے والوں اور مقامی آبادی پر برے اثرات کو کم کیا جاسکے۔ اس حوالے سے مندرجہ ذیل نکات کو یقینی بنایا جائے گا۔

## ملکی اور غیر ملکی افراد کا اندراج

داسوڈیم منصوبے پر کام کرنے والے مقامی افراد کے ساتھ ساتھ غیر مقامی اور غیر ملکی افراد کی بھی فہرست تیار کی جائے گی۔ داسوڈیم کا منصوبہ ملکی اور دنیا کی سطح پر ایک بڑا منصوبہ ہے جس کو ناکام بنانے کے لئے سماج دشمن عناصر مقامی وغیر مقامی افراد کے روپ میں کام کر سکتے ہیں۔ ان تمام محرکات کی روک تھام کے لئے داسو پن بجلی منصوبے کے اہلکار اور مقامی انتظامیہ ہر ایک آدمی کی نگرانی کریں گے۔ ڈیم کے ٹھیکہ دار تمام افراد کے کوائف واپڈا حکام اور ضلعی انتظامیہ کو فراہم کرنے کے پابند ہونگے۔ اور اپنے رہائشی کیمپوں میں ایک رجسٹر میں ان تمام افراد کا اندراج کرنے کے پابند ہونگے۔

## غیر مقامی افراد کیلیئے سیکورٹی کے انتظامات

داسوڈیم منصوبے پر کام کرنے والے غیر ملکی افراد کی سیکورٹی کا انتظام کرنا اور ان انتظامات کی بہتری کا جائزہ لینا مقامی پولیس کی ذمہ داری ہے۔ اس مقصد کیلیئے مزدور کیمپوں اور کام کی جگہوں کی حفاظت کے لئے ایک مربوط نظام قائم کیا جائے گا۔ کیمپوں اور کام کرنے والی جگہ پہ ایک مخصوص داخلی راستہ بنایا جائے گا۔ جس پر سخت سیکورٹی ہوگی اور چاروں اطراف حفاظتی دیوار معہ خاردار تار تعمیر کی جائے گی۔ داخلی راستوں پر سیکورٹی کیمرے نصب ہونگے۔ اس کے علاوہ باہر کی سرگرمیوں کے لئے غیر ملکی افراد کے ساتھ سیکورٹی بھی موجود ہوگی۔ باہر سے منصوبے پر آنے والے ماہرین کو متعلقہ تھانہ سیکورٹی مہیا کریگا۔ واپڈا اس سیکورٹی کے سلسلے میں تعاون کرتے ہوئے پولیس کو فنڈز فراہم کرے گا۔

## قانون اور امن وامان کا خیال رکھنا

منصوبے پر کام کرنے والے مقامی وغیر مقامی افراد کو پاکستانی قانون کے مطابق روزگار دینا اور امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے ان میں آگاہی مہم چلائی جائے گی۔ جن میں غیر قانونی کام سے روک تھام، لڑائی جھگڑوں اور غیر شائستہ وتعصبانہ گفتگو سے پرہیز کرنے پر زور جائے گا۔ منصوبے پر کام کرنے والے افرادقوت کے لئے ہدایات اور معیارات بمطابق قانون ہوگا۔

منصوبے کے علاقے میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور کوہستان کے لوگوں میں مذہبی اور قبائلی تنازعات کو ختم کرنے کے لئے ایک آگاہی مہم چلائی جائے گی۔ نیز مقامی وغیر مقامی لوگوں کے درمیان تعلقات بہتر بنانے کے لئے واپڈا کے اہل کار ہمیشہ مستعد رہیں گے۔ اس سلسلے میں واپڈا ان تمام گروہوں سے مل کر باہمی تعلقات کو فروغ دے گا اور انکے درمیان بننے والے کسی خلا کو بھی پُر کرنے کی کوشش کرے گا۔

اس مقصد کے لئے دو کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی۔

(1) اعلیٰ سطح کمیٹی

(2) امن وامان کو بہتر بنانے کے لئے کمیٹی

## غیر مقامی افراد کے لئے کاروبار کے مواقع

داسوڈیم کی تعمیر کے دروان ایک کثیر تعداد میں غیر مقامی افراد کاروبار کی غرض سے کمیلا اور داسو آئیں گے۔ ان کے ساتھ مقامی لوگوں کا رویہ مثبت اور دوستانہ ہونے کی اُمید کی جاتی ہے۔ باہمی تعاون اور بھائی چارے کی فضا کو تقویت دینا واپڈا اور مقامی لوگوں کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ نیز غیر مقامی کاروباری افراد سے بہتر تعلقات قائم کر کے مقامی لوگ اپنے کاروبار کو وسعت دے سکتے ہیں۔ مقامی لوگوں میں چونکہ کاروباری مہارت کی کمی ہے اس لئے امید کی جاتی ہے کہ وہ آنے والے سہولت کاروں سے مل کر مشترکہ کاروبار کے مواقع تلاش کر سکتے ہیں۔ کاروبار اور سامان مہیا کرنے والوں کی ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہونگی۔

(الف)۔ تمام کاروباری لوگ اپنی شناخت کی خاطر کمپنی کی طرف سے مقرر شدہ شناختی کارڈ لگانے کے پابند ہونگے اور یہ پابندی کام کے دوران اور سامان کی ترسیل کے دوران لاگو ہو گی۔

(ب)۔ تمام کاروباری افراد/ ٹھیکہ دار اپنے اہلکاروں کا مکمل اور درست ریکارڈ رکھیں گے۔

(ج) ٹھیکہ دار کو بمطابق قانون پابند کیا جائے گا کہ وہ اٹھارہ سال سے کم عمر والے افراد کو کام پر نہیں رکھیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ کاروباری افراد مرتب شدہ قواعد وضوابط پر عمل کرنے کے پابند ہونگے۔

## مقامی ثقافت اور روایات کا تحفظ

داسوڈیم کی تعمیر کے لئے نہ صرف مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے بلکہ دوسرے علاقے سے بھی لوگ روزگار کے تلاش اور کاروباری مواقع حاصل کرنے کے لئے اس علاقے کا رخ کریں گے۔ جس سے اس علاقے کے سماجی وثقافتی نظام پر کافی اثر پڑے گا۔ اس

Scanned by CamScanner

حوالے سے باہر سے آنے والوں اور مقامی افراد کے لئے کچھ اصول وضوابط مرتب کیئے گیئے ہیں جو کہ دوکانوں، ہوٹل، کھانے کی جگہوں، مردور کیمپوں، سکولوں، ہسپتالوں، پولیس تھانوں اور ضلعی انتظامی دفاتر میں آویزاں کیے جائیں گے تا کہ آنے والے اور مقامی افراد ان سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔

## غیر مقامی لوگوں کے لئے اصول وضوابط

- ☆ مذہب اور ضابطہ اخلاق کا احترام۔
- ☆ مقامی رسم ورواج اور معاشرے کی اقدار کا مکمل احترام۔
- ☆ آپس میں خوش اخلاقی کا برتاؤ۔
- ☆ سیاسی گفتگو و لڑائی جھگڑوں سے گریز۔
- ☆ مقامی آبادی میں پھرنا اور ان کے ساتھ تعلقات سے گریز۔
- ☆ نشہ آور اشیاء کے استعمال پر پابندی۔
- ☆ بندوق، ہتھیار یا دوسری قسم کا اسلحہ ساتھ رکھنے سے گریز۔
- ☆ مشکوک افراد کے بارے میں متعلقہ محکمہ کو بر وقت اطلاع دینا۔
- ☆ کام کی جگہ کو چھوڑنے اور بازار جانے سے پہلے متعلقہ سپر وائزر سے لازمی اجازت لینا۔
- ☆ جنگلی جانوروں کا شکار، خریداری یا اپنے پاس رکھنے پر پابندی۔
- ☆ مچھلیوں اور آبی پودوں کا نقصان سے بچاؤ۔
- ☆ جنگلات کی لکڑی کاٹنے، کاروبار کرنے اور جلانے سے ممانعت۔
- ☆ استعمال شدہ اشیاء اور کوڑا کرکٹ کو مناسب جگہ پر ہی پھینکنا۔

## مقامی لوگوں کے لئے برتاؤ کے ضوابط

- ☆ نئے آنے والے لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک اور خوش آمدید۔
- ☆ منصوبے پر کام کرنے والوں کی مہمان نوازی۔
- ☆ سیاسی، تعصبانہ اور فرقہ وارانہ گفتگو و لڑائی جھگڑوں سے پرہیز۔
- ☆ منصوبے پر کام کرنے والے لوگوں کی صحیح رہنمائی و مدد۔
- ☆ مقامی لوگوں کا اسلحے کی نمائش کرنے سے اجتناب۔
- ☆ مشکوک افراد کے حوالے سے متعلقہ محکمہ کو بروقت اطلاع دینا۔

## ادارہ برائے سماجی و نو آبادکاری

فون نمبر 0998407300 sruwapda@gmail.com ای میل

Scanned by CamScanner